حکومت پنجاب کا ہونہار و مستحق طلباء وطالبات کی اعلیٰ تعلیم کے لئے سکالرشپ پروگرام

THE PUNJAB EDUCATIONAL ENDOWMENT FUND (PEEF)

'A Company setup under Section 42 of the repealed Companies Ordinance 1984
(Now Companies Act 2017)'

محکمہ انسانی حقوق واقلیتی امور حکومت پنجاب کے تحت ہونہار اقلیتی طلباء وطالبات کے لئے اضافی وظائف

انٹرمیڈیٹ وگریجوایشن سکالرشپ

2023-24

اگر آپ نے میٹرک یا انٹرمیڈیٹ کا امتحان سال 2023 (سالانہ) میں پاس کیا ہے اور آپ کا تعلق درج ذیل کسی ایک کیٹیگری سے ہے تو آپ سپیشل کوٹہ تعلیمی سکالرشپ کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔

1۔ یتیم طلباء وطالبات جن کے والد وفات پا چکے ہیں

یونین کونسل کا جاری کردہ ڈیتھ سرٹیفکیٹ اپ لوڈ کریں

2۔ گریڈ 1-4 (ایک تا چار) کے سرکاری ملازمین کے بچے

پے سلپ / پنشن کاپی جس میں گریڈ / عہدہ واضح ہو اپ لوڈ کریں

3۔ اقلیتی مذاہب سے تعلق رکھنے والے طلباء وطالبات

اقلیتی سرٹیفکیٹ اپ لوڈ کریں

4۔ سپیشل (معذور) طلباء وطالبات

DHQ/THQ سے جاری کردہ معذوری کا سرٹیفکیٹ اپ لوڈ کریں

5۔ دہشت گردانہ حملوں میں شہید ہونے والے سویلین کے بچے

یونین کونسل کا جاری کردہ ڈیتھ سرٹیفکیٹ جس میں موت کی وجہ درج ہو اپ لوڈ کریں

اہلیت کی شرائط

❶ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (BISE) یا فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (FBISE) کے زیر انتظام منعقدہ امتحان 2023 (سالانہ) برائے میٹرک / انٹرمیڈیٹ میں کم از کم ساٹھ فیصد (60%) نمبر حاصل کرنے والے طلباء وطالبات۔

◀ صوبہ پنجاب کی حدود میں واقع فیڈرل گورنمنٹ / پرائیویٹ رجسٹرڈ ادارے سے پاس شدہ طلباء وطالبات بھی درخواست دینے کے اہل ہیں۔

❷ سال 2023 میں کل وقتی (ریگولر) گورنمنٹ / پرائیویٹ رجسٹرڈ تعلیمی ادارے میں انٹرمیڈیٹ یا گریجوایشن میں داخلہ لیا ہو

❸ والدین کی کل ماہانہ آمدنی 60,000 روپے یا اس سے کم ہو۔

◀ گریڈ 1-4 (ایک تا چار) کے سرکاری ملازمین کے بچے 60,000 روپے ماہانہ آمدنی (اگر آمدنی کا ذریعہ صرف تنخواہ ہے) کی شرط سے مستثنیٰ ہیں۔

◀ دہشت گردانہ حملوں میں شہید ہونے والے سویلین کے بچے ماہانہ آمدنی کی شرط سے مستثنیٰ ہیں۔

درخواست دینے کا طریقہ کار

اہل طلباء وطالبات
https://student.peef.org.pk/specialquotaRegistration/
پر آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔

انتباہ

غلط معلومات فراہم کرنے یا نامکمل درخواست کی صورت میں درخواست مسترد تصور کی جائے گی اور درخواست گزار کسی بھی کارروائی کا مجاز نہ ہوگا۔

آن لائن درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ

31 جنوری 2024

نوٹ

- TEVTA / PBTE کے تحت امتحان پاس کرنے والے طلباء وطالبات اس سکالرشپ کے لئے درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں۔
- ہاتھ سے مکمل ہوئی یا PEEF آفس براہ راست بھجوائی گئی درخواست قابل قبول نہ ہوگی۔
- دوسرے صوبوں اور AJK وغیرہ کے طلباء وطالبات درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں۔
- مارکس امپروومنٹ / Repeat کرنے والے طلباء وطالبات درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں۔
- اپ ڈیٹ کی گئی سپیشل کوٹہ کی متعلقہ کیٹیگری کا سرٹیفکیٹ آن لائن اپ لوڈ نہ کرنے کی صورت میں درخواست زیر غور نہیں لائی جائے گی

THE PUNJAB EDUCATIONAL ENDOWMENT FUND (PEEF)

Ali Town Station, Thokar Niaz Baig, Raiwind Road, Lahore - 53700 UAN: 042-111-11-7333(PEEF) Email: sq@peef.org.pk
Website: www.peef.org.pk www.facebook.com/The.PEEF